تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

حسنت جمیع خصالہ : جناب طالب ہاشمی صاحب۔ ضخامت : ۵۷۴ صفحات۔

قیمت :۔ /۲۵۰ روپے۔ انٹر پرائزز غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

سیرت طیبہ ایک ایسا سدا بہار اور سرور آگیں موضوع ہے جس پر ابتدائے اسلام سے لیکر آج تک ہزاروں کتابیں مختلف انداز میں لکھی جا چکی ہیں اور انشاء اللہ قیامت تک اس روح پرور عنوان پر لکھا جائیگا۔ لیکن پھر بھی اس موضوع کا حق ادا نہیں ہوگا۔ اور نہ یہ کسی انسان کے بس کی بات ہے۔ اسی وجہ سے شاعر اپنی حیرانی اور عجز کا اظہار ان الفاظ میں کرتا ہے۔ کہ "لا یمیکن اشاء کما کان حقہ ،بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر۔ مگر مرزا غالب نے ایک شعر میں جس انداز سے سیرت رسول ﷺ سے کماحقہ اپنی لاچاری بیان کی ہے۔ وہ سیرت کے ہزار ہا فاتر اور نعت رسول ﷺ کے کئی مجلات پر مشتمل کتابوں سے بھاری ہے۔

غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گذاشتیم
کاں ذات پاک مرتبہ دان محمد ﷺ است

اس موضوع پر عاشقاہ رسول ﷺ نے جس والہانہ اسلوب سے خامہ فرسائی کی ہے اگر ان گرانقدر مضامین و مقالات اور کتب و رسائل کو یکجا جمع کیا جائے تو اس سے ایک ایسا انسائیکلوپیڈیا اور دائرۃ المعارف تیار ہو جائیگا جس کی نظیر سے سیرت و سوانح کی دنیا قاصر رہیگی۔ زیر تبصرہ کتاب حسنت جمیع خصالہ بھی اسی دریائے ناپید اکنار کا بیش قیمت موتی اور بے بہا گوہر ہے۔ جسے مشہور اہل قلم جناب طالب ہاشمی صاحب نے مرتب کیا ہے چونکہ سیر و سوانح پر لکھنا آپ کا محبوب ترین موضوع ہے اور درجنوں کتابیں اسی موضوع پر آپکی منصۂ وجود پر جلوہ گر ہوئی ہیں جس میں اکثر وہ کتابیں ہیں جن میں صحابہ کرامؓ اور حضور ﷺ کے جاں نثاروں کے محبوب اور دل آراء تذکرے ہیں۔ بر صغیر میں شاید کوئی مصنف ایسا ہو جس نے حضور ﷺ کے اصحاب پر اردو زبان میں اس نرالے انداز اور دل فریب اسلوب سے یہ عظیم کارنامہ سرانجام دیا ہو۔